روزنامہ

FR-10

1913ء سے جاری شدہ

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ہفتہ 31۔اکتوبر 2015ء 17 محرم 1437 ہجری 31۔اخاء 1394 ہش جلد 65-100 نمبر 246

اخلاق عالیہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

رحمت عالم:

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ مشرکوں کے خلاف بددعا کیجئے۔ آپؐ نے فرمایا میں لعنت کرنے والا بنا کر نہیں بھیجا گیا میں تو رحمت بنا کر مبعوث کیا گیا ہوں۔

(صحیح مسلم کتاب البر والصله باب النهی عن لعن الدواب حديث نمبر 4704)

میری دعا رحمت ہے:

حضرت یزید بن ثابتؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک تازہ قبر دیکھی تو پوچھا یہ کس کی ہے۔ صحابہ نے عرض کیا یہ فلاں عورت کی ہے جو فلاں قبیلہ کی خادمہ تھی۔ یہ آج دوپہر کو فوت ہوگئی تھی جبکہ آپ آرام فرما رہے تھے اس لئے ہم نے آپ کو جگانا پسند نہ کیا۔ رسول اللہؐ نے اس کا جنازہ پڑھایا اور فرمایا جب تم میں سے کوئی میری موجودگی میں فوت ہو جائے تو مجھے ضرور اطلاع دیا کرو کیونکہ میری دعا اس کے لئے رحمت ہے۔

(سنن نسائی کتاب الجنائز باب الصلوٰة علی القبر حديث نمبر 1995)

امت کا رستگار:

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری مثال اور میری امت کی مثال اس شخص کی طرح ہے جس نے آگ جلائی اور کیڑے مکوڑے اور پروانے اس میں گرنے لگے اور میں تمہیں تمہاری کمروں سے پکڑے ہوئے ہوں اور تم اس (آگ) میں گرتے ہو۔ (مسلم کتاب الفضائل باب شفقتهِ صلی اللّٰه علیه و سلم)

قوم کا نجات دہندہ:

حضرت ابوموسیٰؓ سے روایت ہے کہ نبی کریمؐ نے فرمایا کہ میری مثال اور اس ہدایت کی مثال جس کے ساتھ اللہ نے مجھے بھیجا ہے اس شخص کی مثال ہے جو اپنی قوم کے پاس آیا اور کہا اے میری قوم! یقیناً میں نے اپنی آنکھوں سے ایک لشکر دیکھا ہے اور میں کھلا کھلا ڈرانے والا ہوں۔ پس بچ جاؤ۔ پس اس کی قوم کے ایک گروہ نے اس کی اطاعت کر لی۔ وہ رات کو نکل گئے اور وقت کے اندر اندر چلے گئے اور ان میں سے ایک گروہ نے تکذیب کی اور وہ اپنی جگہوں پر ہی رہے اور اُس لشکر نے انہیں صبح آلیا اور ہلاک کر دیا انہیں جڑ سے اکھیڑ دیا۔ یہ مثال اس شخص کی ہے جس نے میری اطاعت کی اور اس کی پیروی کی جو میں لے کر آیا ہوں اور اس کی مثال ہے جس نے میری نافرمانی کی اور تکذیب کی اس حق کی جسے میں لے کر آیا ہوں۔

(مسلم، کتاب الفضائل، بَاب شَفَقَتِهِ صلی اللّٰه علیه و سلم)

ہر جنگ مدافعانہ تھی

روتھ کرنسٹن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بارہ میں لکھتے ہیں:

محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی بھی جنگ یا خونریزی کا آغاز نہیں کیا۔ ہر جنگ جو انہوں نے لڑی مدافعانہ تھی۔ وہ اگر لڑے تو اپنی بقا کو برقرار رکھنے کے لئے۔ اور ایسے اسلحہ اور طریق سے لڑے جو اس زمانے کا رواج تھا۔ یہ بات یقین سے کہی جاسکتی ہے کہ چودہ کروڑ (یاد رہے کہ یہ حوالہ 1949ء میں چھپنے والی ایک کتاب کا ہے) عیسائیوں میں سے جنہوں نے حال ہی میں ایک لاکھ بیس ہزار سے زائد انسانوں کو ایک بم سے ہلاک کر دیا ہو کوئی ایک قوم بھی ایسی نہیں جو ایک ایسے لیڈر پر شک کی نظر ڈال سکے جس نے اپنی (تمام) جنگوں کے بدترین حالات میں بھی صرف پانچ یا چھ سو افراد کو تہہ تیغ کیا ہو۔

(Ruth Cranston, World Faith, Harper and Row Publishers, New York,1949, p 155)

اجتماع لجنہ برطانیہ سے
حضور انور کا اختتامی خطاب

سیدنا حضرت خلیفة المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اجتماع لجنہ اماء اللہ برطانیہ 2015ء کے اختتامی اجلاس میں خطاب فرمایا۔ حضور انور کے اس خطاب کی ریکارڈنگ درج ذیل پاکستانی اوقات کے مطابق ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر نشر کی جائے گی۔ احباب اس سے استفادہ فرمائیں۔

31/اکتوبر 12:10pm، 23:20pm

یکم نومبر 6:35am,12:05pm، 8:20pm

2 نومبر 1:35am، 6:30am

ریسرچ مقابلہ اور کانفرنس

عبدالسلام ریسرچ فورم کے تحت 5 اور 6 دسمبر 2015ء کو ربوہ میں International Infectious Diseases Conference 2015 منعقد کی جا رہی ہے۔ اس کانفرنس میں دنیا کے مختلف ممالک سے ڈاکٹر صاحبان اپنی ریسرچ پیش کریں گے۔ اس موقع پر نوجوان ڈاکٹر صاحبان کے لئے ایک مقابلہ کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ 30 سال سے کم عمر ڈاکٹر صاحبان اپنی ریسرچ Poster Presentation کی صورت میں پیش کر سکتے ہیں۔ Poster Presenation کی تفصیلات کانفرنس کی مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔

www.infectiousdiseasesconf.com

یا پھر فون نمبر 047-6212473 پر رابطہ کر کے مطلوبہ تفصیلات معلوم کی جاسکتی ہیں۔

اس سے قبل اپنی ریسرچ 250 الفاظ کے Abstract کی صورت میں بذریعہ ای میل اس ایڈریس پر بھجوائیں۔

info@infectiousdiseasesconf.com

منظور ہونے والے Abstracts اس مقابلہ میں شامل ہوں گے۔ اس مقابلہ میں اول آنے والی ریسرچ کو Abdus Salam Young Researchers Award دیا جائے گا۔ نوجوان ڈاکٹر صاحبان سے درخواست ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ اس کانفرنس میں شرکت فرمائیں۔ (نظارت تعلیم)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ....مطبع: ضیاء الاسلام پریس ....مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ ....قیمت 5 روپے

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

خطبات امام وقت سوال وجواب کی شکل میں

بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2013ء

خطبہ جمعہ 18 ستمبر 2015ء

س: حضور انور نے حضرت مسیح موعود کی آمد کی کیا غرض بیان فرمائی؟

ج: فرمایا! اس زمانے میں اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو تجدید دین کے لئے بھیجا ہے۔ آپ نے ہمیں دین کی اصل کو اس کی بنیاد کو اس کی حقیقی تعلیم کو خوبصورت کر کے دکھایا ہے اور بدعات اور غلط روایات کو دور کرنے کی نصیحت فرمائی۔

س: حضرت مسیح موعود کی روایات جمع کرنے کا کیا فائدہ ہے؟

ج: فرمایا! حضرت مصلح موعود ایک جگہ فرماتے ہیں۔ ہر چھوٹی سے چھوٹی بات بھی جو حضرت مسیح موعود سے ہمیں پہنچتی ہے وہ ہمارے لئے مددگار ہوتی ہے ہمیں بہت سارے فتنوں سے بچانے والی ہوتی ہے اور بہت سی برائیوں سے روکنے والی ہوتی ہے۔

س: بعض چھوٹی باتیں نتائج کے لحاظ سے اہم ہوتی ہیں اس کی حضور انور نے کیا وضاحت فرمائی؟

ج: فرمایا! اس میں کوئی شبہ نہیں کہ بعض باتیں چھوٹی ہوتی ہیں مگر کئی چھوٹی باتیں نتائج کے لحاظ سے بہت اہم ہوتی ہیں۔ اب یہ کتنی چھوٹی سی بات ہے آپ فرماتے ہیں جو حدیثوں میں آتا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ایک دفعہ کدو پکا۔ تو آپ نے بہت شوق سے اس سالن میں سے کدو کے ٹکڑے نکال نکال کے کھانے شروع کئے یہاں تک کہ شوربے میں کدو کا کوئی ٹکڑہ نہ رہا اور آپ نے فرمایا کہ کدو بڑی اعلیٰ چیز ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ بظاہر یہ ایک چھوٹی سی بات ہے۔ ممکن ہے کئی احمدی بھی سن کر یہ کہہ دیں کہ کدو کے ذکر کی کیا ضرورت تھی اور آجکل بعض پڑھے لکھے بھی زیادہ بنتے ہیں ان کو ان باتوں کی طرف توجہ نہیں ہوتی یا وہ سمجھتے ہیں کہ معمولی بات ہے مگر اس چھوٹی سی بات سے اسلام کو کتنا بڑا فائدہ پہنچا۔ ہم آج اپنے زمانے میں ان خرابیوں کا اندازہ نہیں کر سکتے جو رائج ہوئیں مگر ایک زمانہ ایسا آیا ہے جب ہندوستان میں ہندو تمدن نے مسلمانوں پر اثر ڈالا ہے اور اس اثر کی وجہ سے وہ اس خیال میں مبتلا ہو گئے کہ نیک لوگ وہ ہوتے ہیں جو گندی چیزیں کھائیں اور جب بھی وہ کسی کو عمدہ کھانا کھاتے دیکھتے ہیں تو کہتے ہیں کہ یہ بزرگ کس طرح کہلا سکتا ہے (یعنی کہ تصور ہی نہیں کہ کوئی بزرگ کہلائے اور پھر اچھا کھانا بھی کھا سکے۔)

(مصری صاحب کا خلافت سے انحراف)

س: خلیفۃ المسیح الاوّل سے ایک ہندو نے کھانے کی بابت کیا پوچھا اور حضور نے کیا جواب دیا؟

ج: فرمایا! حضرت خلیفہ اول کو وہاں کے رہنے والے ایک ڈپٹی صاحب ملے جو ریٹائرڈ تھے اور ہندو تھے۔ حضرت خلیفہ اول کو دیکھ کر کہنے لگا کہ مولوی صاحب ایک بات پوچھنی ہے۔ مولوی صاحب نے کہا فرماؤ کیا ہے؟ وہ کہنے لگا جی بادام روغن اور پلاؤ کھانا جائز ہے؟ حضرت خلیفہ اول نے فرمایا کہ ہمارے مذہب میں یہ چیز کھانی جائز ہے ہمیں تو کوئی روک نہیں۔ وہ کہنے لگا کہ میرا مطلب یہ ہے کہ یہ فقراں نوں کھانی جائز اے۔ پنجابی میں یعنی فقرے جو ہیں فقیر لوگ جو ہیں اللہ کی طرف لو لگانے والے لوگ ہیں ان کے لئے بھی کھانی جائز ہے۔ جو بزرگ ہوتے ہیں کیا ان کیلئے بھی یا ان کو بزرگ کہا جاتا ہے ان کے لئے بھی کھانی جائز ہے؟ آپ نے فرمایا کہ ہمارے مذہب میں تو فقروں کے لئے فقیروں کے لئے ان سب کیلئے جائز ہے جو بھی بزرگ کہلانے والے ہیں۔ کہنے لگا اچھا جی اور یہ کہہ کر خاموش ہو گیا۔

(مصری صاحب کا خلافت سے انحراف)

س: اچھے کپڑے پہننا بزرگوں کے لئے منع نہیں ہے وضاحت کریں؟

ج: فرمایا! حدیثوں میں آتا ہے کہ رسول کریم ﷺ ایک دفعہ جمعہ کے دن اچھا سا جبہ پہن کر مسجد میں آئے۔ اب اگر کوئی شخص ایسا پیدا ہو جو یہ کہے کہ اچھے کپڑے نہ پہننا فقیروں کی علامت ہے بزرگوں کی علامت ہے نیکوں کی علامت ہے تو ہم اسے اس حدیث کا حوالہ دے کر بتا سکتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ جمعہ کے دن نہایت تعہد سے صفائی کرتے اور اعلیٰ اور عمدہ لباس زیب تن فرماتے تھے بلکہ آپ صفائی کا اتنا تعہد رکھتے اتنی پابندی فرماتے کہ بعض صوفیاء نے جیسے شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی گزرے ہیں یہ طریق اختیار کیا ہوا تھا کہ وہ ہر روز نیا جوڑا کپڑوں کا پہنتے تھے خواہ وہ دھلا ہوا ہوتا اور خواہ بالکل نیا ہو۔

(مصری صاحب کا خلافت سے انحراف)

س: حضرت مسیح موعود کے رفقاء کی روایات کس قدر اہم اور مفید ہیں؟

ج: حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں کہ ایک نوجوان نے مجھے بتایا کہ میں حضرت مسیح موعود کا رفیق ہوں مگر مجھے سوائے اس کے اور کوئی بات یاد نہیں کہ ایک دن جبکہ میں چھوٹا سا تھا میں نے حضرت مسیح موعود کا ہاتھ پکڑ لیا اور آپ سے مصافحہ کیا اور تھوڑی دیر تک میں آپ کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لئے برابر کھڑا رہا۔ کچھ دیر کے بعد حضرت مسیح موعود ہاتھ چھڑا کر کسی اور کام میں مشغول ہو گئے۔ اب بظاہر یہ ایک چھوٹی سی بات ہے مگر بعد میں انہی چھوٹے چھوٹے واقعات سے بڑے بڑے اہم نتائج اخذ کئے جائیں گے مثلاً یہی واقعہ لے لو۔ اس سے ایک بات یہ ثابت ہو گی کہ چھوٹے بچوں کو بھی بزرگوں کی مجالس میں لانا چاہئے۔ ......اسی طرح اس روایت سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ جب کوئی کام ہو تو اپنا ہاتھ چھڑا کر کام میں مشغول ہو جانا چاہئے کیونکہ اس میں یہ ذکر ہے کہ جب اس بچے نے آپ کا ہاتھ پکڑا اور تھوڑی دیر تک پکڑے رکھا تو آپ نے اپنا ہاتھ کھینچ کر الگ کر لیا۔ آج یہ بات معمولی دکھائی دیتی ہے لیکن ممکن ہے کسی زمانے میں لوگ سمجھنے لگ جائیں کہ بزرگ وہ ہوتا ہے جس کا ہاتھ اگر کوئی پکڑے تو پھر وہ چھڑائے نہیں بلکہ جب تک دوسرا اپنے ہاتھ میں اس کا ہاتھ لئے رکھے وہ خاموش کھڑا رہے۔ ایسے زمانے میں یہ روایت لوگوں کے خیال کی تردید کر سکتی ہے۔

(مصری صاحب کا خلافت سے انحراف)

س: حضرت امام حسن آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی گردن پر نماز میں بیٹھ گئے اس واقعہ سے حضرت مصلح موعود نے کیا نتیجہ اخذ فرمایا؟

ج: فرمایا! ہم حدیثوں میں پڑھتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ ایک دفعہ سجدے میں گئے تو حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو اس وقت چھوٹے بچے تھے آپ کی گردن پر لاتیں لٹکا کر بیٹھ گئے اور رسول کریم ﷺ نے اس وقت تک سر نہ اٹھایا جب تک کہ وہ خود بخود الگ نہ ہو گئے۔ اب اگر کوئی اس قسم کی حرکت کرے تو ممکن ہے بعض لوگ اسے بے دین قرار دے دیں اور کہیں کہ اسے خدا کی عبادت کا خیال نہیں اپنے بچے کے احساسات کا خیال ہے مگر ایسا شخص جب بھی یہ واقعہ پڑھے گا اسے تسلیم کرنا پڑے گا کہ اس کا خیال غلط ہے اور وہ چپ کر جائے گا کیونکہ آنحضرت ﷺ کی مثال سامنے ہے۔

(مصری صاحب کا خلافت سے انحراف)

س: حضرت مسیح موعود کا اپنے دوستوں کے ساتھ بے دانہ کھانے کے واقعہ سے حضرت مصلح موعود نے کیا نتیجہ اخذ فرمایا؟

ج: حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں کہ مجھے یاد ہے کہ حضرت مسیح موعود ایک دفعہ بعض دوستوں سمیت باغ میں گئے اور آپ نے فرمایا آؤ بے دانہ کھائیں (جو شہتوت کی ایک قسم ہے) چنانچہ بعض دوستوں نے چادر بچھائی اور آپ نے درخت جھڑوائے اور پھر سب ایک جگہ بیٹھ گئے اور انہوں نے بے دانہ کھایا۔ اب کئی لوگ بعد میں ایسے آئیں گے جو کہیں گے کہ نیکی اور تصور یہی ہے کہ طیب چیزیں نہ کھائی جائیں۔ ایسے آدمیوں کو ہم بتا سکتے ہیں کہ تمہاری یہ بات بالکل غلط ہے۔ حضرت مسیح موعود نے تو بے دانہ جھڑوا کر کھایا تھا یا بعد میں جب بڑے بڑے متکبر حاکم آئیں گے اور وہ دوسروں کے ساتھ اکٹھے بیٹھ کر کچھ کھانے میں ہتک محسوس کریں گے تو ان کے سامنے ہم یہ پیش کر سکیں گے کہ حضرت مسیح موعود تو بے تکلفی کے ساتھ اپنے دوستوں سے مل کر کھایا پیا کرتے تھے تم کون ہو جو اس میں اپنی ہتک محسوس کرتے ہو۔

(مصری صاحب کا خلافت سے انحراف)

س: روایات جمع کرنے کے حوالہ سے حضور انور نے کیا ارشاد فرمایا؟

ج: آپ فرماتے ہیں کہ امام بخاری کی آج دنیا میں کتنی بڑی عزت ہے مگر عزت اس لئے ہے کہ انہوں نے دوسروں سے روایات جمع کی ہیں۔ اس لئے جو رفقاء کی اولاد ہے اگر ان کے پاس روایات ہوں تو ان کو بھی آگے دینا چاہئے اگر ان کی صحت باقی روایات سے ثابت ہو گئی تو ان کو اس میں شامل بھی کیا جا سکتا ہے ہو سکتا ہے کہ بعض روایات مکمل رجسٹر میں نہ آئی ہوں اور رفقاء کے خاندانوں میں یہ روایات چل رہی ہوں تو وہ لکھ کے بھجوا سکتے ہیں کیونکہ آپ نے یہ بھی فرمایا اور یہ صحیح بھی ہے حقیقت ہے کہ یہ روایات بیان کرنے والوں کے لئے ایک زمانے میں دعائیں کی جائیں گی کہ اللہ تعالیٰ ان کو جزا دے کیونکہ انہوں نے بہت سارے مسائل حل کر دیئے۔ آپ فرماتے ہیں کہ میں نے دیکھا ہے کہ قدرتی طور پر ایسے مواقع پر از خود دعا کے لئے جوش پیدا ہو جاتا ہے۔ حضرت مصلح موعود اپنا ایک واقعہ بیان فرماتے ہیں کہ میں کل ہی کلید قرآن سے ایک حوالہ نکالنے لگا۔ آیت نکالنی تھی تو مجھے خیال پیدا ہوا کہ آیت دیر سے ملے گی مگر کلید قرآن سے مجھے فوراً آیت مل گئی جس پر میں نے دیکھا کہ لاشعوری طور پر میں دو تین منٹ نہایت خلوص سے اس کے مرتب کرنے والے کے لئے دعا کرتا رہا کہ اللہ تعالیٰ اس کے مدارج بلند کرے کہ اس کی محنت کی وجہ سے آج مجھے یہ اتنی جلدی آیت مل گئی ہے۔ حضور انور نے فرمایا اب یہ بڑی آسان ہو گئی ہیں چیزیں اب تو لٹریچر کمپیوٹر میں مل جاتا ہے۔ آجکل تو اور بھی زیادہ آسانیاں پیدا ہو گئی ہیں۔ جنہوں نے بنا کر کمپیوٹر میں ڈالا ہے ان کے لئے بھی دعائیں ہوتی ہیں۔

س: حضرت مسیح موعود کی دین حق کی بابت تڑپ کو حضور انور نے کیسے بیان فرمایا؟

ج: فرمایا! حضرت مسیح موعود کو ابتدا سے ہی دین حق کی ترقی کی ایک تڑپ تھی اور چاہتے تھے کہ لوگ اپنی عملی حالت درست کریں اور عملی حالت درست کرنے کیلئے سب سے ضروری چیز جو ہے وہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کی طرف توجہ دینا ہے نمازیں پڑھنا ہے۔ اس لئے آپ نے قادیان کے رہنے والوں کے لئے ایک انتظام فرمایا کہ وہ بیت الذکر میں آ کر نماز پڑھا کریں۔ اسی واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں۔ حضرت مسیح موعود نے سلسلہ احمدیہ کے قیام سے پہلے یہاں کے لوگوں کی یہ حالت دیکھ کر کہ وہ نماز کی طرف توجہ نہیں کرتے خود آدمی بھیج بھیج کر ان کو بلوانا شروع کیا تو انہوں نے یہ عذر کرنا شروع کر دیا لوگوں نے کیونکہ زیادہ تر زمیندار پیشہ تھے غریب لوگ تھے کہ نمازیں پڑھنا امراء کا کام ہے امیروں کا کام ہے ہمارا نہیں ہم

باقی صفحہ 11 پر

4

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ ہالینڈ

پارلیمنٹ سے خطاب کے بعد مہمانوں کی حضور انور سے ملاقات اور حضور کے خطاب کے بارے میں مہمانوں کے تاثرات

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

(6۔اکتوبر 2015ء)

(حصہ سوم آخر)

مہمانوں سے ملاقات

چیئرمین فارن افیئرز کمیٹی Mr. Harry Van Bommel نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو پارلیمنٹ کی بعض عمارات کا تعارف کروایا۔ اس دوران بھی پارلیمنٹ کے بعض ممبران حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ باری باری تصاویر بنواتے رہے۔

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز پر پارلیمنٹ کے بیرونی صحن میں تشریف لے آئے۔ پالیمنٹ کی اس تقریب میں شرکت کرنے والے ممبران پارلیمنٹس اور دیگر ممالک سے آنے والے ممبران پارلیمنٹس اور دیگر حکام اور مہمانوں نے باری باری حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے ملاقاتیں کیں۔ سبھی حضور انور سے ملے اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت ان سے گفتگو فرمائی۔ یہاں بھی ہر ایک نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ تصویر بنوانے کا شرف پایا۔ اس دوران چیئرمین فارن افیئرز کمیٹی حضور انور کے ساتھ کھڑے رہے۔

بعدازاں پروگرام کے مطابق حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز پارلیمنٹ کی عمارات سے ملحقہ ہوٹل ''Nieuws Poort'' تشریف لے گئے۔ جہاں بعض مہمانان کرام سے ملاقات اور بعد میں اس تقریب میں شامل ہونے والے تمام ممبران پارلیمنٹ اور مہمانوں کے لئے ڈنر کا انتظام کیا گیا تھا۔

چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ہوٹل تشریف لے آئے۔ جہاں باری باری بعض مہمان آکر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کرتے رہے۔

دشمن اسلام W. Gieret Gilder کی پارٹی کے ایک ممبر Arnoud Van Doorn حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملنے آئے۔ موصوف نے 2013ء میں اسلام قبول کرلیا تھا ان کو اسلام قبول کرنے کی وجہ سے دنیا میں بہت شہرت حاصل ہوئی تھی۔ انہوں نے اس بات کا اظہار کیا تھا کہ وہ حضور انور سے ملنا چاہتے ہیں اور تصویر لینا چاہتے ہیں تا......کو اس طرف توجہ دلائیں کہ تکفیر بازی سے مسائل حل نہیں ہوتے بلکہ آنحضرت ﷺ کی تعلیم کے مطابق ہمیں دوسروں کے ساتھ Dialogue میں رہنا چاہئے۔

موصوف نے حضور انور کی خدمت میں عرض کیا کہ میری رہنمائی فرمائیں کہ میں اسلام کا پیغام پہنچانے کے لئے کس طرح رہنمائی حاصل کروں۔

اس پر حضور انور نے فرمایا قرآن کریم سے رہنمائی حاصل کریں اور اپنے ساتھیوں کو بھی بتائیں کہ قرآن کریم سے رہنمائی لیں۔ قرآن کریم کی 5 Volume Commentry کمنٹری پڑھیں۔ اس سے آپ کو بہت رہنمائی ملے گی۔ آنحضرت ﷺ اور صحابہ کے نمونہ پر چلیں۔ قرآن کریم ہی وہ کتاب ہے جو سب سے بہتر ہے۔ اس کا مطالعہ کریں آنحضرت ﷺ کے اخلاق قرآن کے مطابق ہی ہیں۔

جب حضرت عائشہؓ سے عرض کیا گیا کہ رسول اللہ ﷺ کے اخلاق عالیہ کے بارہ میں بتائیں۔ حضرت عائشہؓ نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ کے اخلاق قرآن کریم کے عین مطابق تھے۔ کان خلقہ القرآن پس آپ کو قرآن کریم میں ہی ہر بات کی رہنمائی ملے گی۔

ہالینڈ کے سابقہ وزیر دفاع Dr. W. F Van Eekelen اپنی اہلیہ کے ساتھ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کے لئے آئے تھے۔ یہ ایک معمر سیاستدان بھی ہیں اور ان کا تعلق لبرل پارٹی سے ہے۔

موصوف نے سوال کیا کہ ہم مسلمان ممالک اور مسلمان گروپس کو دیکھتے ہیں وہ آپس میں تقسیم ہیں اور ایک دوسرے کے خلاف کام کررہے ہیں۔ ایسا کیوں ہے؟

اس سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا:

ہر گروپ کا اپنا اپنا مفاد ہے۔ اس کے مطابق چل رہے ہیں۔ قرآن کریم کی تعلیم کو چھوڑ دیا ہوا ہے۔ قرآن کریم پر عمل نہیں کرتے اسی وجہ سے آپس میں پھٹے ہوئے ہیں۔

جب تک مسلمان ممالک اور تنظیموں کی لیڈرشپ کو گائیڈ نہ کیا جائے ان کی سوچوں کو صحیح نہ کیا جائے اچھا نتیجہ نہیں مل سکتا۔ یہ گروپس بڑی طاقتوں سے فنڈز حاصل کرتے ہیں۔ اس لئے کنٹرول سے باہر ہیں۔ انہی سے پھر طالبان اور القاعدہ جیسی تنظیمیں بنی ہیں۔ مسلمان لیڈروں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنا ضروری ہے۔ اسلامک آرگنائزیشن کو اس سلسلہ میں کام کرنا چاہئے۔

ہالینڈ میں متعین سپینش ایمبیسی کے ایمبیسڈر Mr. Fernando Arias Gonzalez بھی آج کے پروگرام میں شریک تھے۔ موصوف حضور انور سے ملنے آئے۔ موصوف نے عرض کیا کہ میں بہت خوش قسمت ہوں کہ آج حضور کا خطاب سنا۔

حضور انور نے فرمایا آپ کی ڈیموکریسی دوسرے ممالک کی نسبت بہت بہتر ہے۔ آپ اچھا کام کررہے ہیں۔ اس پر سپینش ممبران پارلیمنٹ نے عرض کیا کہ اس سال دسمبر میں ملک میں انتخابات ہورہے ہیں۔ ایسا لگ رہا ہے کہ کوئی پارٹی اکثریت حاصل نہیں کرے گی۔ دوسری پارٹیوں سے مل کر حکومت بنانی پڑے گی۔

البانیا سے Ilir Hoxholli صاحب مشیر اعلیٰ میئر ترانہ اور Ilir Dizdari صاحب صدر نیشنل کلٹ کمیٹی البانیا اس تقریب میں شامل ہوئے۔ ان دونوں نے بھی حضور انور سے ملاقات کی سعادت پائی اور حضور انور کا شکریہ ادا کیا اور عرض کیا کہ ہم دونوں کا تعلق ایسے ملک سے ہے۔ جہاں مذہبی ہم آہنگی ہے۔ ہمارے آباؤاجداد نے اس خلق کو صدیوں سے قربانی کرکے محفوظ رکھا ہوا ہے۔ اب ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم اس کو اپنے بچوں تک پہنچائیں۔ مذہب ایک عمارت کی طرح ہے ہر کوئی اس میں اینٹ ڈالتا ہے۔

اس پر حضور انور نے فرمایا یہی ہمارا مقصد ہے کہ ہم سب محبت کے ساتھ رہیں اور رواداری اور بھائی چارہ کا معاشرہ قائم کریں۔ ان ممبران نے کہا کہ میں آپ کو گارنٹی دیتا ہوں کہ البانیا میں ہر مذہب کے لئے برابر جگہ ہے۔ میں حضور انور کے لئے دل سے احترام کے جذبات کا اظہار کرتا ہوں۔

اس پر حضور انور نے فرمایا ''آپ کا شکریہ کہ آپ دونوں یہاں آئے خدا کرے کہ جس طرح البانیا میں مذہبی آزادی قائم ہے۔ اسی طرح ہمیشہ قائم رہے تو ایک قوم بن کر آگے ترقی کرسکتے ہیں۔

مہمانوں سے ملاقاتوں کا یہ پروگرام چھ بجکر 40 منٹ تک جاری رہا۔ اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اس ہال میں تشریف لے آئے جہاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے اعزاز میں ڈنر کا اہتمام کیا گیا تھا۔

آج ہالینڈ پارلیمنٹ میں منعقد ہونے والی تقریب میں 89 سرکردہ حکام شامل ہوئے۔ جن میں ہالینڈ پارلیمنٹ کے ممبران پارلیمنٹ کے علاوہ سپین، آئرلینڈ، سویڈن، کروشیا، مونٹینگرو، البانیا، فرانس، سوئٹزرلینڈ، بیلجیئم، جرمنی، انڈیا، فلپائن، ڈنمارک اور سائپرس سے بعض ممالک کے ممبران پارلیمنٹ اور بعض ممالک کے ایمبیسڈرز اور بعض دیگر سرکاری حکام اور نمائندے شامل ہوئے۔ یو ایس اے کی ایمبیسی سے ان کی پولیٹیکل آفیسر شامل ہوئیں۔

ان سبھی احباب نے ڈنر میں شرکت کی۔ ڈنر کے پروگرام کے بعد آٹھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز یہاں سے روانہ ہوکر بیت مبارک ہیگ تشریف لائے اور ساڑھے آٹھ بجے نماز مغرب وعشاء جمع کرکے پڑھائیں۔

پروگرام کے مطابق نمازوں کی ادائیگی کے بعد نو بجکر دس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت مبارک ہیگ (Den Haag) سے نن سپیٹ کے لئے روانہ ہوئے۔ ایک گھنٹہ 25 منٹ کے سفر کے بعد نن سپیٹ میں تشریف آوری ہوئی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

مہمانان کے تاثرات

پارلیمنٹ کی تقریب میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جو خطاب فرمایا اور ممبران پارلیمنٹ کے سوالات کے جوابات دیئے۔ اس کا ممبران پارلیمنٹ اور مہمانوں پر گہرا اثر ہوا اور بعض مہمانوں نے برملا اپنے تاثرات کا اظہار کیا۔

Foreign Affair Committee کے قائمقام چیئرمین Harry Van Bommel (جنہوں نے اس تقریب کی میزبانی کی) نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہیں بہت سے دوسرے ممبران پارلیمنٹ نے کہا ہے کہ یہ پروگرام کس طرح سے منعقد کروالیا۔ یہ پروگرام ان کی امید سے بہت زیادہ کامیاب رہا ہے اور اب اس کے دوررس نتائج نکلیں گے۔ خلیفۃ المسیح نے اپنا پیغام بہت مؤثر انداز میں دیا۔ ہالینڈ کے لوگوں کا یہ حق ہے کہ ان کو (دین) کا یہ امن پسند چہرہ بھی دکھایا جائے۔ ان کو اس پیغام کی ضرورت ہے۔ خلیفۃ المسیح کے ساتھ پارلیمنٹ کی یہ تقریب پہلا قدم تھا۔ اب ہم مزید ایسے پروگراموں کا انعقاد کریں گے۔

ہالینڈ کے سابق وزیر دفاع Dr. W. F. Van Eekelen نے اپنے تاثرات کا اظہار ان الفاظ میں کیا۔

''خلیفۃ المسیح کے پیغام سے دین کا حقیقی چہرہ دیکھنے کا موقع ملا ہے اور اب یہ خواہش ہے کہ حضور انور بار بار ہالینڈ تشریف لائیں تاکہ لوگوں کے دل سے دین فوبیا کا خوف نکل جائے۔ پارلیمانی کمیٹی کے سوالات پر حضور انور کے جوابات کسی بھی مناسب سوچ رکھنے والے شخص کی آنکھیں کھول دینے کے لئے کافی تھے۔

وزارت دفاع کے دو انجینئرز Mr. Leo Hakkaart اور Martin Oostenbrink اس تقریب میں شامل ہوئے۔ ان دونوں نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک

غیر معمولی پروگرام تھا اور ہمیں اس بات پر فخر ہے کہ ہم اس اہم پروگرام میں شریک ہوئے۔ خلیفۃ المسیح کا خطاب بہت پُراثر تھا۔ جس سے ان کو دین کی حقیقی تعلیم کا علم ہوا ہے۔

Global Human Rights Defence کی دو ممبر خواتین Nazli Tuncay صاحبہ اور Radjnie Gowri صاحبہ نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ

’’دنیا میں امن کے لئے یہ ضروری ہے کہ حضور انور کا پارلیمنٹ میں دیا جانے والا پیغام تمام پالیسی میکرز تک پہنچایا جائے۔‘‘

اس تقریب میں ہالینڈ میں متعین سپین کے ایمبیسیڈر Mr Fernando Arias Gonzalez بھی شامل ہوئے۔ موصوف نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا:

میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی حکمت و دانائی سے بہت متاثر ہوا ہوں بالخصوص جس طرح حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فریڈم آف سپیچ، برداشت اور دوسرے مذاہب کے لئے عزت و احترام جیسے حساس سوالات کے جوابات دیئے وہ بہت پُرحکمت تھے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنی تقریر کے دوران برداشت، مذہبی آزادی اور اخوت کے بارے میں جو باتیں بیان فرمائیں میں ان کی پُرزور حمایت کرتا ہوں۔ بین المذاہب ہم آہنگی اور دنیا کے امن کے لئے ان اقدار کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے۔

سپین کے ممبر آف پارلیمنٹ Jose Maria Alonso صاحب بھی اس تقریب میں شامل ہوئے۔ موصوف نے کہا:

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا انسانیت کے لئے امن، آزادی اور خدا تعالیٰ جو تمام مخلوقات کو پیدا کرنے والا ہے۔ اس سے محبت کا پُرکشش پیغام سن کر بہت خوشی ہوئی۔ ایک ایسی دنیا کے لئے جہاں جنگوں اور مذہب کے نام پر کئے جانے والے مظالم میں دن بدن اضافہ ہوتا جارہا ہے اس قسم کے امن کے پیغام پر ہم کو مشکور ہونا چاہئے۔ آج پہلے سے بڑھ کر ان لوگوں کو جو امن چاہتے ہیں اور مذہب پر عمل کرتے ہیں انہیں متحد ہو جانا چاہئے۔ ہمیں ان باتوں پر توجہ دینی چاہئے جو ہمارے مابین یکساں ہیں بجائے اس کے کہ ہم اپنے درمیان پائے جانے والے تضادات پر زور دیں۔ میں آپ سب کو السلام علیکم کہوں گا۔

سپین کے ایک اور ممبر آف پارلیمنٹ Mr Juan Antonio Abad بھی اس تقریب میں شامل ہوئے۔ انہوں نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا۔

میرے لئے امن کے بارے جماعت کا پیغام سننا اور بالخصوص حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطاب سننا بہت اچھا تجربہ تھا۔ سب سے بڑھ کر حضور انور کے قریب جانا اور ان سے ملنا میرے لئے نہایت فخر کی بات ہے۔

آج کل دنیا کے جن مخدوش حالات میں ہم رہ رہے ہیں وہاں امن کا پیغام دینا بہت ہی اہمیت کا حامل ہے۔ ہمیں اس طرح کی تقاریب میں مزید اضافہ کرنا چاہئے تاکہ ہم وہ راستہ تلاش کریں جس پر ہم دوسروں کی بھلائی کی خاطر متحد ہو جائیں۔ ہمیں جماعت احمدیہ کے ساتھ مل کر اس امن کے راستہ پر چلنا چاہئے جس کی دنیا کو تلاش ہے۔ اس تقریب میں شامل کرنے پر میں آپ کا بہت مشکور ہوں۔

اس تقریب میں Montenegro سے بھی تین احباب پر مشتمل وفد شامل ہوا تھا۔ ان میں ایک ممبر آف نیشنل پارلیمنٹ Mr. Dritan Abazovic تھے۔ موصوف نے کہا کہ:

یہ تقریب جماعت کے لئے ایک بہت بڑی کامیابی ہے کہ اس کے عالمی سربراہ و خلیفہ نے دین کی حقیقی تعلیم نہایت اعلیٰ سطح پر پیش کی۔ ہالینڈ کے ممبران پارلیمنٹ کے سوالات نہایت جارحانہ تھے۔ لیکن حضور انور کے جوابات نہایت مدلل اور حقائق پر مبنی تھے اور یہ حضور کی جرأت اور خود اعتمادی کی واضح دلیل ہے۔ موصوف نے کہا کہ آج کے پُرخطر دنیا میں ایسی تقریبات کی اشد ضرورت ہے۔

ہالینڈ میں ہونے والے پروگرام میں سوئٹزرلینڈ سے Bishop Dr Amen Howard بھی شامل ہوئے تھے۔ یہ Sanctuary Praise International Church Geneva کے Bishop ہیں۔ انہوں نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ:

اپنے نقطہ نظر سے میں یہ ایمان رکھتا ہوں کہ عمومی طور پر یہ کانفرنس کامیاب رہی کہ انتظامیہ نے بہت اچھا انتظام کیا ہوا تھا اور حضرت عزت مآب نے سوالات کے بڑے پختہ انداز میں جوابات دیے۔ اس سے آپ کی سخت سوالات کے جواب دینے کی قابلیت بھی ابھر کر سامنے آئی کہ آپ سیاستدانوں کے انگیخت کرنے والے سوالات کے بڑے متحمل انداز میں معین جواب دے رہے تھے۔ حضرت عزت مآب کا اپنے جوابات میں حس مزاح اور پُرسکون انداز قابل ستائش ہے۔

میں یقین رکھتا ہوں کہ آپ حقیقتاً امن کے پیامبر ہیں اور میں چاہتا ہوں کہ تمام لوگ عالمی سطح پر امن قائم کرنے کی جستجو میں آپ کے شریک ہو جائیں۔

جرمنی کے شہر آخن سے Renate Muller Drehsen جو کہ پیشہ کے لحاظ سے آرٹسٹ ہیں اور پارٹ ٹائم ٹیچر کے طور پر بھی کام کرتی ہیں، بھی اس پروگرام میں شریک تھیں۔ اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا:

یہ فنکشن امن و محبت کا پیغام دے رہا تھا۔ میرا تاثر ہے کہ خلیفہ امن کی فضا قائم کرنا چاہتے ہیں۔ خلیفہ کے اس خطاب سے ایک بات جو معلوم ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ وہ بڑی جاندار بات کرتے ہیں اور آپ کے نظریات بہت وسیع النظر ہیں۔

آخن شہر کی ممبر ڈیموکریٹک پارٹی Herr Lothar Lippert نے کہا: خلیفہ کا خطاب بہت ہی عمدہ تھا۔ انہوں نے ہماری سوچوں کو ایک نئی جہت عطا کی ہے۔

جرمنی سے Frau Alla Katanski جو کہ USAS SPD چیئرمین ہیں۔ بھی اس پروگرام میں شریک تھیں۔ اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ:

حضور کے وجود میں جاذبیت ہے۔ آپ کو دیکھ کر محسوس ہوتا ہے جیسا کہ کوئی بہت عاجز انسان ہو۔ آپ کا انداز بیان بہت ہی نرم ہے۔ خلیفہ کے سامنے کھڑے ہونا ایک عجیب تجربہ تھا۔ یہ میرے لئے بہت اعزاز کی بات ہے کہ خلیفہ نے میرے لئے وقت نکالا اور میرے بارے میں پوچھا۔ سیاست دانوں کے سوالات کے جوابات خلیفہ نے بڑے تحمل سے دیئے۔ یہ جوابات بہت ہی مدلل اور معین تھے۔

پروگرام میں ایک مہمان Lolitta اور ان کی بیٹی Mareike Bucken بھی شامل تھیں۔ Lolitta اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہتی ہیں کہ:

میری بیٹی Mareike اور میرے لئے خلیفہ کے سامنے کھڑا ہونا اور انہیں سلام کرنا ہلا دینے والا تجربہ تھا۔ ہم نے پہلے بھی آپ کو دیکھا ہوا ہے۔ لیکن اتنے قریب سے آج پہلی مرتبہ دیکھ رہے ہیں۔ آپ کا دیدار ہم دونوں کے لئے تسکین کا باعث ہے۔ ایسے موقعوں میں شامل ہونا ہمیشہ دلچسپ ہوتا ہے اور ایسے فنکشن میں شامل ہونے سے مجھے بہت زیادہ خوشی ہوتی ہے۔ میری بیٹی کہتی ہے کہ خلیفہ جب ہال میں تشریف لائے تو ماحول ہی بدل گیا۔ آپ کے وجود میں ایک خاص قسم کی کشش ہے۔ یہ میں نے خود بھی محسوس کی اور یہ احساس میں کبھی نہیں بھولوں گی۔

ملک کروشیا سے برسراقتدار سوشل ڈیموکریٹ کے ایک ممبر پارلیمنٹ Pand Ek Drazenko ڈچ پارلیمنٹ کی تقریب میں شمولیت کے لئے آئے تھے۔ انہوں نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا۔

خلیفۃ المسیح نے دینی تعلیمات کو بڑے ہی واضح اور مؤثر رنگ میں بیان کیا۔ دنیا میں امن کے قیام کے لئے دینی تعلیمات بہت مؤثر ہیں۔ اگر تمام (-) ان تعلیمات پر صدق دل سے عمل کریں تو دنیا امن کا گہوارہ بن سکتی ہے۔

Freedom Of Expression کے بارہ میں جماعت احمدیہ کے سربراہ نے جو دوٹوک مؤقف دیا وہ بہت ہی متاثر کن تھا۔

خصوصاً Hollocost کے بارہ میں بعض ممالک میں جو پابندیاں ہیں اس کے حوالہ نے ان کے مؤقف کو مزید تقویت دی۔

اس حقیقت کے باوجود کہ پاکستان میں احمدیوں پر مظالم ہوئے ہیں جماعت احمدیہ کے سربراہ نے پاکستان پر براہ راست تنقید سے گریز کیا اور عمدہ انداز میں حقیقی دینی تعلیم پر (-) کو عمل کرنے کی تلقین کی جو کہ بہت ہی متاثر کن تھی۔

جماعت احمدیہ کے سربراہ نے دہشت گردوں کو مہیا کئے جانے والے ہتھیاروں پر پابندی اور ان کی فنڈنگ روکنے پر جو مؤقف دیا وہ بہت ہی حقیقت پسندانہ تھا۔ واقعی اگر دنیا کے طاقتور ممالک ان نکات پر سنجیدگی اور دیانت داری سے عمل کریں تو دنیا امن کی طرف لوٹ سکتی ہے۔

سویڈن سے ممبر پارلیمنٹ Mr. Bengt Eliasson بھی تقریب میں شرکت کے لئے آئے تھے۔ موصوف نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا۔

مجھے حضور کے خطاب نے بہت متاثر کیا ہے۔ حضور انور نے ایک مذہبی لیڈر ہونے کی حیثیت سے دنیا کے صاحب اختیار لوگوں کو جھنجھوڑا ہے۔ حضور انور کے خطاب میں صرف سچائی ہی سچائی تھی۔ کوئی بھی مصلحت نہیں تھی۔ امن، انصاف، برداشت، انسانیت، محبت اور بھائی چارہ سے متعلق حضور انور نے بڑے آسان فہم الفاظ میں توجہ دلائی ہے اور دنیا کو ایک پیغام دیا ہے۔

فارن افیئرز کمیٹی کے ممبران کی طرف سے آزادیٔ اظہار سے متعلق سوالات پر حضور انور کے جوابات مدلل اور فراست سے بھرپور تھے۔ یہودیوں کا ریفرنس دینے سے بھی وہ حضور انور کا اشارہ نہیں سمجھے۔ جب کہ ہمارے ملک سویڈن میں یہودیوں کا بیج لگانا قانونی طور پر منع ہے اور لگانے پر سزا اور جرمانہ ہے۔ حضور انور کا جواب حکمت فراست سے بھرپور تھا۔

البانیا سے مشیر اعلیٰ میئر ترانہ و سابق صدر کلٹ کمیٹی Ilir Hoxholli بھی اس تقریب میں شامل ہونے کے لئے آئے تھے۔ موصوف نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا۔

میرے تصور میں بھی نہیں تھا کہ جماعت احمدیہ ایسے عظیم الشان طریق پر دعوت الی اللہ کر رہی ہے۔ امام جماعت احمدیہ نے نہایت اعلیٰ پیرایہ اور بہت ہی دلکش انداز میں دینی تعلیمات کی عکاسی کی ہے۔ امام جماعت احمدیہ نے بڑے تحمل اور اعتماد کے ساتھ بہت ہی مؤثر اور پُرمعارف جوابات دیئے۔ امن کے قیام کے لئے امام جماعت احمدیہ کی کاوشیں قابل تعریف ہیں۔

Dhr. Peter Kingma ایمسٹرڈم کی فری یونیورسٹی میں بدھ ازم، اسلام اور دوسرے مذاہب کے ماہر ہیں۔ موصوف پارلیمنٹ کی تقریب میں شامل ہوئے۔ موصوف نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا۔

خلیفۃ المسیح نے (دین) کی امن کے حوالے سے تعلیم کا جس واضح انداز میں ذکر کیا ہے۔ اس سے انہیں اس بات کا اندازہ ہوا ہے کہ ان کے انٹرفیتھ ڈائیلاگز کے پروگراموں میں جماعت کی نمائندگی ناگزیر ہے۔ اب جماعت کو ہمارے

باقی صفحہ 11 پر

مکرم محمود مجیب اصغر صاحب

حضرت داؤدؑ اور سلیمانؑ کے دور میں سائنس اور ٹیکنالوجی کی ترقی

حضرت داؤدؑ کیلئے لوہے کا نرم ہونا، ہلکی زرہیں بنانے کی مہارت اور لوہے سے ہتھیار جنگ کے بنانے کا ذکر سورۃ سبا کی آیات 11، 12 میں کیا گیا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مکینیکل انجینئرنگ کے کام اور سٹیل انڈسٹری (Steel Industry) اور جنگ کا اسلحہ اور زرہیں بنانے کے کارخانے ان کے دور میں قائم ہو گئے تھے۔ حضرت داؤد بڑی دسترس والے تھے۔

آپ نے بنی اسرائیل کے لئے حکومت قائم کی اور پہاڑی اور سرکش قوموں کو مسخر کیا اور علوم وفنون میں مہارت حاصل کی اور ایک مستحکم حکومت قائم کی اللہ تعالیٰ نے آپ کو بہت علم دیا تھا اور اپنا خلیفہ بنایا تھا۔ غرض آپ بڑے شان والے نبی تھے جفاکش لوگ آپ پر ایمان لائے تھے اور لوہے کے کارخانے اور زرہیں بنانے کا کام آپ کے زمانے میں ہوا حضرت سلیمانؑ آپ کے جانشین، بیٹے اور خدا کے نبی تھے انہیں بھی علوم وفنون میں مہارت بخشی گئی اور ان کے زمانے میں حکومت میں بڑی وسعت پیدا ہوئی فلسطین سے ایک ملک اوپر سے لے کر تمام عرب کا ساحل بشمولیت یمن ان کے ماتحت تھا پھر ان کی حکومت عدن سے ہوتی ہوئی خلیج فارس کے اوپر تک عرب ساحل پر جاتی تھی۔

(بحوالہ تفسیر صغیر صفحہ 562)

مشرق اور مغرب کی حدود میں حضرت سلیمانؑ کی سلطنت ایک مہینہ کی مسافت پر تھی آپ نے جہازوں کے دو بیڑے بنائے تھے ایک خلیج فارس اور بحر ہند میں اور دوسرا بحیرہ روم میں چلتا تھا۔ وہ جہاز حضرت سلیمانؑ کے حکم سے بلاد افریقہ یا ہند سے ہو کر ارض شام کو آتے تھے۔

(بحوالہ فصل الخطاب)

جہاں حضرت داؤدؑ کو لوہے پر قدرت بخشی گئی تھی وہاں حضرت سلیمان کو ایک اعلیٰ درجے کی دھات یعنی تانبے کی کان کنی اور اس کے مختلف استعمالات کی صنعت سکھائی گئی۔ Steel Industry اور Copper Mining نے اس زمانے میں بہت ترقی کی جس کی تخصیص اب Metullurgy انجینئرنگ کے نام سے ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ بحری جہازوں (بادبانی کشتیوں) کا آغاز اس زمانے میں ہوا اور ہواؤں کے رُخ کے مطابق سفر آسان ہونے لگے بری اور بحری قوت ان کو حاصل ہوگئی اور ان کے ماہرین سمندر کی تہہ سے ہیرے جواہرات وغیرہ بھی نکالتے تھے۔ بڑی بڑی دیگوں کا ذکر بھی ملتا ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں کہ ان کی تفصیل میں پہلے بڑے بڑے قلعوں کا ذکر ہے پھر مجسموں اور تالابوں کی طرح بڑے بڑے لگنوں اور اتنی بھاری اور بڑی بڑی دیگوں کا جو ایک ہی جگہ پڑی رہتی تھیں اور ان کو بار بار ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے کی طاقت نہیں تھی ان دیگوں میں غالباً آپ کی عظیم فوج کے لئے کھانا تیار ہوتا ہوگا۔

(بحوالہ قرآن کریم اردو ترجمہ تفسیری نوٹس)

گویا وہ زمانہ انجینئرنگ ٹیکنالوجی اور آرکیٹیکچر کا ترقی یافتہ دور تھا۔ بحری سفر (جہاز سازی) سڑکوں کی تعمیر (جیسا کہ لکھا ہے مسافت کا کم ہونا) اور لوہے اور تانبے اور دھاتوں کی صنعت اور فن تعمیر میں مہارت ثابت ہے۔

بیت المقدس کی تعمیر

حضرت سلیمانؑ نے بیت المقدس کی تجدید کی اور ان کے زمانے میں تعمیراتی فن Architectural Knowledge بڑی بلندیوں پر تھا۔ اطلس القرآن کا مؤلف دکتور شرقی ابو خلیل لکھتا ہے۔

حضرت یعقوب نے بیت المقدس کی بنیاد ڈالی تھی اور اس کی وجہ سے بیت المقدس کی آبادی وجود میں آئی تھی۔ پھر عرصہ دراز کے بعد حضرت سلیمان علیہ السلام کے حکم سے بیت المقدس اور شہر کی تجدید کی گئی اور جنوں (یعنی ماہر آرکیٹیکٹس اور انجینئرز) کی تسخیر کی وجہ سے ایسی شاندار تعمیر عالم وجود میں آئی جو آج تک لوگوں کے لئے باعث حیرت ہے کہ ایسے دیو ہیکل پتھر کہاں سے لائے گئے اور کس طرح لائے گئے اور جرثقیل کے وہ کون سے آلات تھے جن کے ذریعے سے ان پتھروں کو ایسی بلندیوں پر پہنچا کر باہم جوڑا گیا اسرائیلی روایت کے مطابق بیت المقدس اور ہیکل سلیمانی کی تعمیر میں سات سال لگے۔

ہم عصر ملکہ بلقیس

اسی زمانے میں یمن میں ملکہ بلقیس کا محل اور تخت فن کی بلندیوں پر تھا جسے دیکھ کر نہایت قلیل مدت میں حضرت سلیمانؑ کے ماہرین تعمیرات نے ہو بہو ایسا ہی تخت بنا دیا اور Tourism کی کتب میں حضرت سلیمانؑ کے محل کو Crystal Palace شیش محل کا نام دیا گیا ہے۔

بلقیس کے ایمان لانے کے بعد یمن بھی حضرت سلیمانؑ کی حکومت کے ماتحت آ گیا تھا اور آج بھی وہاں عظیم مارب ڈیم (Great Maarib Dam) اور بلقیس کے محل اور تخت کے کھنڈرات دیکھنے Tourist جاتے ہیں۔

ملکہ بلقیس کے ایمان لانے کا واقعہ

یمن کی ملکہ کے ایمان لانے کا واقعہ بڑا ہی ایمان افروز ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں: ''قرآن شریف میں ایک شاہزادی بلقیس نام کا ایک عجیب قصہ لکھا ہے جو سورج کی پوجا کرتی تھی شاید وید کی پیرو تھی حضرت سلیمانؑ نے اس کو بلایا اور اس کے آنے سے پہلے ایسا محل تیار کیا جس کا فرش شیشہ کا تھا اور شیشہ کے نیچے پانی بہہ رہا تھا جب بلقیس نے حضرت سلیمانؑ کے پاس جانے کا قصد کیا تو اس نے اس شیشہ کو پانی سمجھا اور اپنا پاجامہ پنڈلی سے اُوپر اٹھالیا۔ حضرت سلیمانؑ نے کہا کہ دھوکہ مت کھا یہ پانی نہیں ہے بلکہ یہ شیشہ ہے پانی اس کے نیچے ہے تب وہ عقلمند عورت سمجھ گئی کہ اس پیرایہ میں میرے مذہب کی غلطی انہوں نے ظاہر کی ہے اور یہ ظاہر کیا ہے کہ سورج اور چاند اور دوسرے روشن اجرام شیشہ کی مانند ہیں اور ایک پوشیدہ طاقت ہے جو ان کے پردہ کے نیچے کام کر رہی ہے اور وہی خدا ہے۔ (چشمہ معرفت صفحہ 277)

ایک دوسری جگہ آپ فرماتے ہیں۔ ''قرآن شریف میں یہ خوب مثال دی ہے کہ دنیا ایک ایسے شیش محل کی طرح ہے جس کی زمین کا فرش نہایت مصفّٰی شیشوں سے کیا گیا ہے اور پھر ان شیشوں کے نیچے پانی چھوڑا گیا ہے جو نہایت تیزی سے چل رہا ہے اب ہر ایک نظر جو شیشوں پر پڑتی ہے وہ غلطی سے ان شیشوں کو بھی پانی سمجھ لیتی ہے اور پھر انسان ان شیشوں پر چلنے سے ایسا ڈرتا ہے جیسا کہ پانی سے ڈرنا چاہئے حالانکہ وہ درحقیقت شیشے ہیں۔ مگر صاف اور شفاف۔ سو یہ بڑے بڑے اجرام جو نظر آتے ہیں جیسے آفتاب ماہتاب وغیرہ یہ وہی صاف شیشے ہیں جس کی غلطی سے پرستش کی گئی اور ان کے نیچے ایک اعلیٰ طاقت کام کر رہی ہے۔

(تفسیر مسیح موعود جلد ششم صفحہ 380)

مارب شہر

دراصل انبیاء کے سارے کاموں میں اللہ کی توحید اور اس کی عظمت اور کبریائی کا اظہار مقصود ہوتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ بنی نوع انسان کی ترقی اور علم میں اضافہ اور استعدادوں کا بڑھانا وغیرہ۔

ملکہ بلقیس کے قصہ کے ساتھ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ یمن میں مارب کے شہر کا ذکر کیا جائے جو اس وقت کا دارالحکومت تھا اور جس کے باغات اور جس کی خوبصورتی اور جامعیت اور نظم و ضبط اور بہترین Civilization کے لئے اللہ تعالیٰ نے بلدۃ طیبۃ ورب غفور کے نہایت خوبصورت الفاظ استعمال فرمائے ہیں۔

یہ قصہ نامکمل رہے گا اگر مارب کے عظیم ڈیم کا ذکر نہ کیا جائے جس کا ذکر خود قرآن کریم نے فرمایا ہے۔ آج دنیا میں ڈیم پانی سٹور کرنے اور پن بجلی پیدا کرنے کے لئے بنائے جاتے ہیں۔ اسوان ڈیم مصر اور تربیلا ڈیم پاکستان ایسے ہی بڑے ڈیموں میں سے ہیں لیکن مارب کے ڈیم کی کیا عظمت ہوگی جس کا ذکر خود قرآن نے کیا ہے۔

دراصل اس زمانے میں یمن انسانی تہذیب کا گہوارہ تھا اور لوبان اور مرکی تجارت کا وہ مرکز تھا۔ کہتے ہیں ملکہ بلقیس کا دارالحکومت مارب تھا جو مشرقی یمن میں واقع ہے اور یہ جگہ موجودہ دارالحکومت صنعاء کے شمال مشرق میں 175 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ اس وقت یہ ملک بہت خوشحال تھا لیکن اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی ناشکری کی وجہ سے اس ڈیم میں بہت بڑا سیلاب آیا جو اس عظیم بند کو بہا کر لے گیا۔ اکثر آبادی تباہ ہوگئی جو لوگ بچ گئے وہ عرب کے اطراف و جوانب میں پھیل گئے اور یہ علاقہ مستقبل کیلئے عبرت کا نشان اور اب سیر وسیاحت والوں کے لئے دلچسپی کا باعث بن گیا ہے۔

مارب کا عظیم ڈیم

Tourism کی ایک کتاب Lonely Planet Oman UAE & Arabian Peninsula نے قدرے تفصیل سے اس کا ذکر کیا ہے وہ لکھتے ہیں کہ مارب میں ملکہ بلقیس کا دارالحکومت تھا اور بہت خوبصورت شہر تھا لوبان اور مُر کی تجارت سے یہ آباد ہوا تھا اور دونوں طرف باغات تھے اور بہت گھنے درخت تھے یہاں تک کہ اگر کوئی آدمی چار دن چلتا رہے تو درختوں (کھجوروں اور نارنگیوں) کے سائے اس پر سے نہ ہٹتے تھے مارب دنیا کے قدیم ترین شہروں میں شمار ہوتا ہے یہاں ایک عظیم بند (Great Dam) بنایا گیا جس میں پانی سٹور کر کے ریگستان کو سرسبز و شاداب علاقے میں تبدیل کیا گیا کہتے ہیں یہ ڈیم 720 میٹر لمبا اور 60 میٹر چوڑا اور 35 میٹر بلند تھا جس سے 70 مربع کلومیٹر علاقہ سیراب ہوتا تھا یہاں آبادی 30 ہزار سے 50 ہزار تک تھی۔ ڈیم ایسی جگہ بنایا گیا تھا جہاں موسمی وادیوں کا پانی اکٹھا کر لیا جاتا تھا۔ ڈیم سے بے شمار ندی نالے نکالے گئے جو علاقے کو سیراب کرتے تھے آج بھی مارب شہر سے 8-10 کلومیٹر دور اس ڈیم کے کھنڈرات (Ruins) پائے جاتے ہیں۔ اس کا بچا ہوا پتھر تعمیرات میں استعمال ہو چکا ہے تاہم دو Sluice Gates باقی رہ گئے ہیں اس کے قریب ہی ملکہ بلقیس کے عرش اور محل کے کھنڈرات پائے جاتے ہیں اور وہ عبادت گاہ بھی کھنڈر بن چکی ہے جس میں حضرت سلیمانؑ پر ایمان لانے سے پہلے وہ اور اس کی قوم سورج چاند کی پوجا کرتے تھے اس عبادت گاہ کو Temple of the Moon کہا جاتا ہے۔ ان ملکوں میں تیل کی برآمد سے پہلے یہ علاقے نظروں سے غائب رہے لیکن اب سیاحت کے رسالوں میں اس کا ذکر ہوتا ہے۔

مکرم نعمان ظفر بلوچ صاحب

معلم اخلاق حضرت شیخ سعدی شیرازیؒ

معلم اخلاق حضرت شیخ سعدی شیرازیؒ شیخ کا نام شرف الدین تھا عوام میں مصلح الدین مشہور ہے۔سعدی تخلص فرمایا کرتے تھے۔

